آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز پیر 29 نومبر 2021ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 298

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کریں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان

تمام سیاسی جماعتیں ہمارے لیے قابل احترام ہیں کوئٹہ میں گیس پریشر کے حوالے سے وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی ہے کہ سریاب روڈ منصوبے کو جلد مکمل کیا جائے گا

کوئٹہ میں ایسا ماسٹر پلان لانا چاہتے ہیں کہ جس سے کوئٹہ شہر کا نقشہ ہی بدل جائے' کوئٹہ شہر کے کونے کونے کا دورہ کرونگا' سرکار کے فنڈ سے بننے والے عمارتوں پر پاکستان کے جھنڈے لگنے چاہیں

ترقیاتی منصوبوں میں سست روی کے بجائے کام تیز کیا جائے تاکہ کوئٹہ کے عوام کو شہر میں ان کے مسائل حل ہوں کوئٹہ مسائلستان بنا ہوا ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کریں گے تمام سیاسی جماعتیں ہمارے لیے قابل احترام ہیں کوئٹہ میں گیس پریشر کے حوالے سے وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی ہے کہ سریاب روڈ منصوبے کو جلد مکمل کیا جائے گا کوئٹہ میں ایسا ماسٹر پلان لانا چاہتے ہیں کہ جس سے کوئٹہ شہر کا نقشہ ہی بدل جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ شب کوئٹہ شہر اندر پر ڈوکول دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ایک سوال کے جواب میں بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع	
فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

مذہب کے معاملے میں کسی کے ساتھ زبردستی نہیں کی جاسکتی

وزیراعظم

انسان کے اندر غیرت بہت ضروری ہے، عزت دار شخص کو کبھی خود کو ذلت میں نہیں ڈالنا چاہیے، گزشتہ 20 سالوں میں میری کئی بار کردار کشی کی گئی

میری بے عزتی کیلئے جعلی خبریں لگوائی گئیں، مجھے یقین تھا کوئی بھی شخص میری بے عزتی نہیں کرسکتا یہ لوگ کچھ بھی کرلیں، غیرت کا جذبہ انسان کی بہت اچھی خصوصیت ہے

مجھے اللہ نے سب سے بڑا تحفہ ایمان کی دولت سے نوازا، سچا ایمان آپ کو اپنی انا پر کنٹرول کرنا سکھاتا ہے، انا کسی بھی شخص کو برباد کردیتی ہے، میرے نزدیک امیر وہ ہے جو ضمیر کا سودا نہیں کرتا، عمران خان کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مذہب کے معاملے میں کسی کے ساتھ زبردستی نہیں کی جاسکتی، انسان کے اندر غیرت بہت ضروری ہے، عزت دار شخص کو کبھی خود کو ذلت میں نہیں ڈالنا چاہیے، گزشتہ 20 سالوں میں میری کئی بار کردار کشی کی گئی، میری بے عزتی کیلئے جعلی خبریں لگوائی گئیں، مجھے یقین تھا کوئی بھی شخص میری بے عزتی نہیں کرسکتا یہ لوگ کچھ بھی کرلیں، غیرت کا جذبہ انسان کی بہت اچھی خصوصیت ہے، میرے نزدیک امیر وہ ہے جو ضمیر کا سودا نہیں کرتا، امریکی اسکالر شیخ حمزہ یوسف کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ میں نے دو دہائی تک دنیا بھر میں کھیلوں میں حصہ لیا، میں نے بہت سی کامیابیاں سمیٹیں اور دھچکے بھی لگے، زیادہ تر کھلاڑی اپنی تعلیم مکمل نہیں کرپاتے تاہم میں نے تعلیمی میدان میں بھی کامیابیاں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اشک آباد: صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ترک صدر طیب اردگان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں مزید 5 کورونا مریض جاں بحق، 303 نئے کیسز رپورٹ

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 303 کیسز سامنے آئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس سے مزید پانچ افراد جاں بحق، 303 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 303 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 5 افراد بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

حکومت نے آئی ایم ایف سے طے کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد شروع کردیا

آئی ایم ایف سے طے شدہ فیصلے کے تحت ترمیمی فنانس بل کابینہ کے اگلے اجلاس میں پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے طے کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے طے شدہ فیصلے کے تحت ترمیمی فنانس بل کابینہ کے اگلے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ ترمیمی فنانس بل میں شیڈول 6 ختم کردیا بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کا اتوار کے روز کوئٹہ شہر اور مضافاتی علاقوں کا دورہ

عوام کے تعاون سے طرز حکمرانی میں بہتری لائیں گے' میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ٹی ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اتوار کے روز کوئٹہ شہر اور مضافاتی علاقوں کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے صوبائی ترقیاتی پروگرام سے تعمیر ہونے والے مشرقی بائی پاس تخلانی تا فاروقیہ تبلیغی مرکز 3.1 کلومیٹر روڈ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سریاب لنک بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کریمنل لاء آرڈیننس سے متعلق بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا ہے

کوئٹہ (ٹی ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا کے نام سے منسوب گزشتہ دو دنوں سے ٹی وی چینلز، پرنٹ میڈیا اور سوشل میڈیا پر شائع ہونے والا کریمنل لاء آرڈیننس سے متعلق بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا ہے۔ گورنر ہاؤس کے سرکاری ترجمان کے مطابق ایک وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ پُرامن احتجاج کرنا، اپنے جائز حقوق کے حصول بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

تھائلینڈ ایرانی سیکورٹی فورسز نے مذید 79 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کرلیا

تھائلینڈ (آن لائن) پاک ایران کے سرحدی شہر تھائلینڈ میں ایرانی سیکورٹی فورسز نے مذید 79 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کرکے راہداری گیٹ کے مقام پر تھائلینڈ لیبرز انتظامیہ کے حوالے کردیا تفصیلات کے مطابق بہتر روزگار کی تلاش میں ایران سے یورپ جانے والی 79 پاکستانی باشندوں کو ایران کے سیکورٹی فورسز بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پولیس نے ریڈ زون کے قریب دھرنے پر بیٹھے ینگ ڈاکٹرز کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) پولیس نے ریڈ زون کے قریب دھرنے پر بیٹھے ینگ ڈاکٹرز کو گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کوئٹہ بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

لندن: پاکستان کے ہائی کمشنر پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ساکران حسن پیر کے قریب کریش پلانٹ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ پلانٹ چوکیدار زخمی

لسبیلہ (این این آئی) ساکران حسن پیر کے قریب کریش پلانٹ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ پلانٹ چوکیدار زخمی ہو بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی صوبائی بیوروکریسی میں اعلیٰ سطح پر تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی صوبائی بیوروکریسی میں اعلیٰ سطح پر تقرریاں وتبادلے۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے جاری کردہ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آر سی ڈی شاہراہ پر حادثہ کار اور موٹر سائیکلوں میں ٹکراؤ 4 افراد زخمی

پیلہ (آن لائن) آر سی ڈی شاہراہ پر حادثہ کار اور موٹر سائیکلوں میں ٹکراؤ 4 افراد زخمی دو کی حالت تشویشی ناک ریسکیو 1122 کا بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

صدر مملکت کی ایران کے صدر سید ابراہیم رئیسی سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد/اشک آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ ایران اہم مسلم اور برادر ہمسایہ ملک ہے، دونوں بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کا جہلم کیلئے ایک اور تحفہ القادر یونیورسٹی کا قیام ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کا جہلم بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

آرڈیننس کے ذریعے امور چلانا اچھا عمل نہیں، مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اپیکر جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان کرمل بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بنوں، 2 گروپوں میں جائیداد کا تنازع، فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق، تین زخمی

بنوں (این این آئی) ضلع بنوں میں جائیداد کے تنازع پر 2 گروپوں کے درمیان فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

تاجروں کو تحفظ اور سہولیات فراہم کرنا حکومتی ذمہ داری ہے

گورنر بلوچستان

تاجر ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، تجارت کے فروغ اور معاشی استحکام کیلئے پائیدار امن قائم کرنا اولین شرط ہے، سید ظہور احمد آغا

کرونا جیسی عالمی وباء کے مشکل حالات کے باوجود ہمارے تاجر اپنے کاروبار چلاتے رہے اور ملک کی برآمدات بڑھانے کے لیے دن رات کام کرتے رہے

پشین (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ تاجر ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، صوبے کے تاجروں اور کاروباری حضرات کو تحفظ اور ضروری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے تجارت کے فروغ اور معاشی استحکام کیلئے پائیدار امن قائم کرنا اولین شرط ہے اجتماعی نوعیت کے مسائل کا فوری اور بروقت حل ڈھونڈنا ہماری ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشین کے مقامی ریسٹ ہاؤس میں انجمن تاجران اور دکانداران کے زیر اہتمام بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے وکلاء کا اپنے ساتھیوں کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ نے نومنتخب کابینہ کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے

کوئٹہ (ٹی ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے حالیہ انتخاب برائے سال 2021-22 میں پروفیشنل لائرز گروپ کو کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعظم نے کہا ہے کہ پروفیشنل لائیرز گروپ کی مسلسل تیسری مرتبہ کامیابی ثابت کرتی ہے کہ بلوچستان کے وکلاء کا اپنے ساتھیوں کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے وزیراعظم بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر عبدالمجید کاکڑ جنرل سیکریٹری حاجی منظور بنگلزئی سینئر نائب صدر واجہ منظور بلوچ نائب صدر راشد رحمان کمال خان ناصر حسن علی ساسولی جوائنٹ سیکریٹری بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات، پروفیشنل لائرز پینل نے کلین سویپ کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے سال 2021-22 میں پروفیشنل لائرز پینل نے کلین سویپ کرتے ہوئے شکیل وکلا اور وکلا ڈیموکریٹک فرنٹ کو شکست دیدی، پروفیشنل پینل کے عبدالمجید کاکڑ صدر، منظور بنگلزئی جنرل سیکریٹری منتخب ہوگئے تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق پے آئی یو تھ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت نے آئی ایم ایف سے طے کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد شروع کردیا

آئی ایم ایف سے طے شدہ فیصلے کے تحت ترمیمی فنانس بل کابینہ کے اگلے اجلاس میں پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے طے کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے طے شدہ فیصلے کے تحت ترمیمی فنانس بل کابینہ کے اگلے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ ترمیمی فنانس بل میں شیڈول 6 ختم کردیا بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

صوبے کے دور دراز علاقوں کے سکولوں میں اساتذہ کی کمی کو ختم کیا جائے، میر نصیب اللہ خان مری

حکومت عوام کو تعلیم کی سہولیات کی دہلیز پر فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، صوبائی وزیر

حکومت کی کوششوں سے پنجاب کی یونیورسٹیوں میں بلوچستان کی طالبات کیلئے کوٹہ میں 2 گنا اضافہ ہوا ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو تعلیم کی سہولیات کی اگلی دہلیز پر فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، حکومت کی کوششوں سے پنجاب کی یونیورسٹیوں میں بلوچستان کی طالبات کیلئے کوٹہ میں 2 گنا اضافہ ہوا ہے، دور دراز علاقوں کے اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 350 سے زائد اساتذہ کی تعیناتی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

نیب کا تعلق کسی سیاسی جماعت، گروہ اور فرد سے نہیں بلکہ ریاست پاکستان سے ہے، چیئرمین نیب

ملک کی لوٹی دولت کا منی ٹریل دینے کی بجائے کہتے ہیں ہمارے خلاف انتقامی کارروائی ہورہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس جاوید اقبال نے کہا ہے کہ خصوصی دستاویزی شواہد اور گواہوں کے بیانات کی روشنی میں قانون کے مطابق ریفرنسز احتساب عدالتوں میں دائر کررکھے ہیں جن کی موثر پیروی کی وجہ سے نیب کے خلاف ایک منظم اور مربوط بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سیاستدانوں کی رہائی دونوں صحت سیکرٹریز ہٹانے تک مذاکرات نہیں ہونگے

ینگ ڈاکٹرز

حکومت نے ڈاکٹروں سمیت 19 افراد کو گرفتار کرکے وعدہ خلافی کی ہے، عدلیہ نے خود تسلیم کیا کہ انہیں مس گائیڈ کیا گیا

ینگ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور نرسز آج سے تمام ہسپتالوں میں سروسز جزوی ڈرا کررہے ہیں، چیئرمین ایکشن کمیٹی ڈاکٹر حفیظ مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن، پیرامیڈیکس اسٹاف فیڈریشن، ینگ نرسز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ایکشن کمیٹی ڈاکٹر حفیظ مندوخیل نے کہا ہے کہ حکومت نے ڈاکٹروں سمیت 19 افراد کو گرفتار کرکے وعدہ خلافی کی ہے، جب تک تمام گرفتار افراد کو رہا کرکے انکے خلاف دائر مقدمات واپس اور دونوں صحت سیکرٹریز کو عہدوں سے ہٹایا نہیں جاتا مذاکرات نہیں ہونگے، ینگ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور نرسز آج سے تمام ہسپتالوں میں سروسز جزوی ڈرا کررہے ہیں عدلیہ نے خود تسلیم کیا کہ انہیں مس گائیڈ کیا گیا حکومت کو جب صوبے بھر سے سسکیوں اور تکلیف کی آوازیں آئیں گی تو انہیں ڈاکٹروں کی اہمیت کا احساس ہوگا، یہ بات انہوں نے عزیز کاکڑ، حافظ حسان سمیت دیگر کے ہمراہ اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز حکومت نے ینگ ڈاکٹرز سے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب آرہے ہیں لہٰذا صوبے کی عزت کی خاطر دھرنے کو ایک طرف منتقل کیا جائے بعد ازاں رات کے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

لوکل باڈیز الیکشن کی تیاری شروع کردی ہے، پی ٹی آئی کامیاب ہوگی، شفقت محمود

آنے والا دور اور الیکشن پی ٹی آئی کا ہے، بلدیاتی الیکشن مارچ میں متوقع، وفاقی وزیر تعلیم

حکومت کی بہتر پالیسیوں کی وجہ سے آئندہ بھی پی ٹی آئی کی حکومت بنے گی، خصوصی گفتگو

راجووال (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ آنے والا دور بھی تحریک انصاف کا ہے اور آنے والے الیکشن میں بھی تحریک انصاف نمایاں کامیابی حاصل کرے گی۔ اتوار کو یہاں سابق وزیراعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد خاں وٹو کی دعوت پر اپنے نجی دورہ وساہیوال کے موقع پر "این این آئی" سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوکل باڈیز کا الیکشن بھی نزدیک آرہا ہے جو میرا خیال بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

سعودی عرب کا مزید 7 ملکوں سے پروازیں معطل کرنے کا فیصلہ

ریاض (این این آئی) عالمی وبا کورونا کی نئی قسم اومی کرون کے پھیلاؤ کے خدشے کے باعث سعودی عرب نے مزید 7 ملکوں سے پروازیں معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق جمہوریہ ملاوی، زامبیا، مڈغاسکر، انگولا، جمہوریہ سیشلز، موریشس اور کومو روس سے پروازیں معطل کردی گئی ہیں۔ وزارت داخلہ بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

زمینداروں کے مسائل کے حل میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے، محمد خان لہڑی

صوبائی وزیر نے ریچ کینال میں لگائے گئے غیر قانونی پائپ لائنوں کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کا جائزہ لیا

سائز غیر قانونی طریقے سے لگے ہوئے پائپ لائنوں اور واٹر کورسز کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے

کوئٹہ (ٹی ن) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی نے ریچ کینال میں لگائے گئے غیر قانونی پائپ لائنوں کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کا جائزہ لیا اس موقع پر ایس ای کینالز عبدالحمید مینگل اور ایکس ای این پٹ فیڈر کینال نثار احمد مغیری نے صوبائی وزیر کو غیر قانونی طریقے سے پانی چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے متعلق تفصیل سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ریچ کینال میں اور سائز غیر قانونی طریقے سے لگے ہوئے پائپ لائنوں اور واٹر کورسز کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے کارروائی کے دوران 29 اور سائز پائپ نکال کر انہیں مسمار کردیا گیا ہے کارروائی کا سلسلہ تاحال جاری ہے ایکس ای این نثار احمد مغیری نے ریچ کینال میں لیگل طریقے سے لگائے گئے واٹر کورسز کے متعلق بھی صوبائی وزیر کو آگاہی فراہم بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مایہ ناز پاکستانی باکسر محمد وسیم (آج) پیر کو وطن واپس پہنچیں گے

اسلام آباد (این این آئی) ڈبلیو بی اے فلائی ویٹ ورلڈ سلور بیلٹ ناکامل جیتنے کے بعد مایہ ناز پاکستانی باکسر محمد وسیم (آج) پیر کو وطن واپس پہنچیں گے۔ دبئی میں کوئلیفین باکسر رابرٹ بریرا کو شکست دے کر ایک اور عالمی اعزاز پاکستان کے نام کرنے والے قومی ہیرو (آج) پیر کی شام چھ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ٹینکر مافیا کی ہڑتال واسا کی نااہلی کی وجہ سے شہری پانی کی بوند بوند کے لئے ترس گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں ٹینکر مافیا کی ہڑتال واسا کی نااہلی کی وجہ سے شہری پانی کی بوند بوند کے لئے ترس گئے عدالت کی جانب سے شہر میں تمام ٹریکٹر ٹینکرز کی جگہ مزید ٹینکر لانے کے عدالتی احکامات کے بعد ٹینکر مافیا نے کوئٹہ شہر میں پانی کی ترسیل بند کردی جس کی وجہ سے کوئٹہ شہر میں پینے کے پانی کی شدید قلت کے سبب عوام پریشان ہو بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

لاہور: چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

'اومی کرون' سے نمٹنے کے لئے کویت نے بھی پابندیاں عائد کردیں

کویت نے 9 افریقی ممالک پر ملک میں براہ راست داخلے پر پابندی عائد کردی

کویت سٹی (این این آئی) افریقہ میں دریافت ہونے والی کورونا وائرس کی نئی قسم "اومی کرون" سے نمٹنے کے لئے کویت نے بھی پابندیاں عائد کردی ہیں۔ کویت نے 9 افریقی ممالک پر ملک میں براہ راست داخلے پر پابندی عائد کردی ہے۔ پابندی کا فیصلہ کویت کی وزارت صحت کی جانب سے کیا گیا۔ کونسل نے جنوبی افریقہ، نمیبیا، بوٹسوانا، زمبابوے، موزمبیق، لیسوتھو، ایسواتینی، زامبیا اور ملاوی سمیت اور راست گزشتہ پروازوں کو فوری طور پر بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت صحت کونسل نے ان ممالک سے آنے والے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

افغان سرزمین کسی ملک کیخلاف استعمال نہ ہو، ضروری ہے، عارف علوی

صدر مملکت کی تاجک ہم منصب امام علی رحمن کے ساتھ ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو، ہمسایہ ممالک افغانستان میں عدم استحکام سے سب سے زیادہ متاثر ہوں گے

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان مضبوط معاشی شراکت داری کیلئے تجارتی اور سرمایہ کاری کے روابط کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

اسلام آباد/اشک آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے دورہ تاجکستان کے موقع پر تاجکستان کے صدر امام علی رحمن کے ساتھ ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو ایوان صدر پریس ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان مضبوط معاشی شراکت داری کیلئے تجارتی اور سرمایہ کاری کے روابط کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے کاسا 1000 منصوبے پر عمل درآمد کا جائزہ بھی لیا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان کی بندرگاہوں کے ذریعے تاجکستان کیلئے علاقائی انضمام اور روابط پر روشنی ڈالی، دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور تاجکستان کو افغانستان میں انسانی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی نے نوجوانوں کا مستقبل تاریک کردیا ہے، سراج الحق

قوم پر مسلط حکمران اسٹیبلشمنٹ کی نرسریوں کی پیداوار اور سامراج کے ایجنٹ ہیں

موجودہ اور سابقہ حکومتیں اسٹیبلشمنٹ کی پشت پناہی سے اقتدار میں آئیں

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ قوم پر مسلط حکمران اسٹیبلشمنٹ کی نرسریوں کی پیداوار اور سامراج کے ایجنٹ ہیں، موجودہ اور سابقہ حکومتیں اسٹیبلشمنٹ کی پشت پناہی سے اقتدار میں آئیں، اگر ادارے چاہتے ہیں ان پر انگلی نہ اٹھے تو وہ بھی سیاست میں مداخلت بند کریں اور غیر جانبدار رہیں، ظالم جاگیرداروں، کرپٹ سرمایہ داروں اور عالمی اسٹیبلشمنٹ کے آلہ کاروں کو گھر بھیجنے کیلئے قوم جماعت اسلامی کا ساتھ دے، موجودہ حکمرانوں کو عوام کی کوئی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

گوادر کے مطالبات پر عمل درآمد کیا گیا ہے، ظہور بلیدی

حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح لوگوں کو روزگار اور بنیادی سہولیات سمیت آمدورفت میں آسانی پیدا کرنا ہے

گوادر میں مولانا ہدایت الرحمان صاحب کے مطالبات پر کافی حد تک عمل درآمد کیا گیا ہے جس کا اعتراف وہ اپنے تقاریر میں کرچکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے قائمقام صدر صوبائی وزیر پی ایچ ڈی میر ظہور بلیدی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح لوگوں کو روزگار اور بنیادی سہولیات سمیت آمدورفت میں آسانی پیدا کرنا ہے گوادر دھرنے کے مطالبات پر عمل درآمد کیا گیا ہے جس کی مولانا ہدایت الرحمان نے خود اعتراف کیا ہیں ان خیالات کا اظہار میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ٹویٹر) پیغام میں کہا کہ گوادر میں مولانا ہدایت الرحمان صاحب کے مطالبات پر کافی حد تک عمل درآمد کیا گیا ہے جس کا اعتراف وہ اپنے تقاریر میں کرچکے ہیں، حکومت کی اولین ترجیح لوگوں کو روزگار میں سہولت اور آمدورفت میں آسانی پیدا کرنا ہے، مولانا گفت وشنید اور بامعنی مذاکرات کے لیے مزید لچک دکھائیں۔ حکومت کی اولین ترجیح لوگوں کو روزگار میں سہولت اور آمدورفت بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چین نے دنیا کا طاقتور ترین خلائی ایٹمی بجلی گھر تیار کرلیا

یہ دنیا کا پہلا خلائی ایٹمی بجلی گھر بھی ہے جو ایک میگاواٹ (1000 کلوواٹ) جتنی بجلی بنائے گا

بیجنگ (این این آئی) چین نے خلا میں استعمال کیلئے ایسا ایٹمی بجلی گھر کامیاب ٹیسٹ تیار کرلیا ہے جو ایک میگاواٹ بجلی بنا سکتا ہے۔ یہ اب تک کا طاقتور ترین خلائی ایٹمی بجلی گھر بھی ہے جو امریکی خلائی تحقیقی ادارے 'ناسا' کے زیر تکمیل خلائی ایٹمی بجلی گھر سے بھی 100 گنا زیادہ بجلی پیدا کرسکتا ہے۔ ناسا اپنا نیا ایٹمی بجلی گھر 2030 تک چاند کی سطح پر اتارنا چاہتا ہے۔ چینی خلائی ایٹمی بجلی گھر کا انکشاف بانگ کانگ سے شائع ہونے والے انگریزی اخبار 'ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ' نے اپنے نمائندہ بیجنگ اسٹیفن بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

لاہور: گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور سکاٹش پارلیمنٹ کی اسپیکر الیسن جون سٹون سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام میں جبر کی کوئی گنجائش نہیں' طاہر محمود اشرفی

وزیراعظم کی ہدایت پر اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ممکن بنایا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں مذہبی آزادیاں قابل اطمینان ہیں وزیراعظم نے ایک عالمی سکالر کو انٹرویو دیتے ہوئے واضح کیا کہ اسلام میں جبر کی سخت ممانعت ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے مذہبی ہم آہنگی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف قرآن اینڈ سیرت سٹڈیز میں منعقدہ پریس کانفرنس میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انٹرفیتھ ہارمنی کونسل اور متحدہ علماء کونسل کے سربراہی اجلاس میں آج اہم موضوعات پر گفتگو ہوئی ہے اور باہمی خیرسگالی کے جذبات کے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت کو فروغ ملے گا، انجینئر دارو خان اچکزئی

حکومت کو چاہئے کہ وہ افغانستان سے سبزیوں اور فروٹ کی درآمد پر کسٹم ٹیکس بھی ختم کرے

کوئٹہ (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس کے سابق صدر انجینئر دارو خان اچکزئی نے وفاقی حکومت کی طرف سے افغانستان سے سبزیوں اور فروٹ کی درآمد پر سیلز ٹیکس ختم کرنے کے فیصلے کو خوش آئند قرار د

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

29 نومبر 2021ء

سب کی کارکردگی صفر

پیٹرول کی قیمت میں بلا روک ٹوک مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ پیٹرولیم ڈیلرز نے اس کے باوجود مقررہ قیمت پر پیٹرول فروخت کرنے سے انکار کیا اور پیٹرول پمپس بند کردیئے۔ حکومت نے فوری طور پر پیٹرولیم ڈیلرز کے منافع میں 25 فیصد اضافہ تسلیم کرلیا۔ جبکہ عام آدمی کے مسائل اور غریب عوام کے مطالبات پر کوئی توجہ دینے کو تیار نہیں۔ یہ صورتحال صرف حکومت یا حکمراں جماعت تک محدود نہیں۔ مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز ایک بار پھر اپنی آڈیو سامنے آنے کے بعد تنقید کا نشانہ بن رہی ہیں۔ آڈیو کو انھوں نے اصلی تسلیم کیا ہے۔ اس آڈیو کے مطابق نواز شریف کی گزشتہ حکومت میں مریم نواز نہ منتخب نمائندہ تھیں نہ سرکاری عہدیدار لیکن وزیر اعظم ہاؤس میں وہ میڈیا سیل کی انچارج تھیں اور اس حیثیت میں انھوں نے اخبارات چینلوں اور صحافیوں میں میں اربوں روپے بانٹ دیئے۔ اشرافیہ کی اس شہزادی سے کوئی حساب مانگ لے تو جمہوریت خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ ایک اور سیاسی جماعت پیپلز پارٹی ہے۔ سندھ میں اسکی حکومت عرصہ دراز سے قائم ہے۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے ایک مقدمے کی سماعت کے دوران ایمارکس دیئے ہیں کہ تھر میں لوگ جانوروں کی طرح مررہے ہیں۔ حکومت نہیں کرسکتے تو دوسروں کو آنے دیں۔ لیکن دوسرے کہاں سے آئیں گے۔ سب ایک سے بڑھ کر ایک ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ روایتی سیاسی جماعتوں نے نہ صرف عوام کی مشکلات میں ہر دور میں اضافہ کیا ہے بلکہ اب تو گورنر نیس نام کا کوئی چیز نہیں رہ گئی ہے۔ گزشتہ 70 سال کے دوران سویلین حکومت رہی ہو یا فوجی کسی کی کارکردگی ملک اور ملک اور عوام کے حق میں بہتر نہیں رہی۔ جس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ حکمراں ذاتی طور پر اگر نیک لوگ بھی آجائیں تو بھی مثبت نتائج برآمد نہیں ہوسکتے۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک می روز اول سے موجود سماجی اقتصادی نظام میں اب نمو کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اور اگر ہمیں اقتصادی ترقی کرنی ہے عوام کی حالت بہتر بنانی ہے تو پھر اسٹیٹس کو تبدیل کرنا ضروری ہے۔ چین کی دوستی کا دم بھرنا کافی نہیں، چین کے تجربوں سے سیکھنے اور چینی ماڈل پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

نہ اپنی ہار نئی ہے نہ اُن کی جیت

ہمارے "بزرجمہر" کہتے ہیں کہ عوام باشعور ہو چکے۔ بجا! مگر بھوکے پیٹ کیسا شعور اور کہاں کا شعور؟۔ نظیر اکبرآبادی نے کہا
دیوانہ آدمی کو بناتی ہیں روٹیاں

پروفیسر رفعت مظہر

خود ناچتی ہیں اور نچاتی ہیں روٹیاں
یہ سب کچھ ہماری آنکھوں کے سامنے ہورہا ہے پھر بھی ہمارے رہبر کہتے ہیں "گھبرانا نہیں"۔ لیکن ہمارا آج کا موضوع روزافزوں مہنگائی نہیں کہ اس پر ہزاروں کالم لکھے جاچکے اور لکھے جا رہے ہیں لیکن حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ وہ آج بھی عوام کو غلام ابن غلام سمجھتے ہیں۔ یوں تو ہم روایتاً آمریت کو برا بھلا کہتے رہتے ہیں حقیقت مگر یہ کہ "جمہوری آمریت" اس سے ہزار گنا بدتر کیونکہ دورِ آمریت میں تو آزادیٔ اظہار سلب کرلی جاتی ہے لیکن جب جمہوری قبا زیبِ تن کیے حکمران دورِ آمریت کے ہتھکنڈے استعمال کرنے لگتے ہیں تو ووٹ کی ذرگت بنتے دیکھ کر جمہوری کی بے چینی قابلِ دید ہوتی ہے۔ کبھی کبھی یہی بے چینی انقلاب میں ڈھل جاتی ہے، خونی انقلاب میں۔ آج ہم جس دور سے گزر رہے ہیں اُسے کمترین الفاظ میں "آمرانہ جمہوریت" ہی کہا جاسکتا ہے جس کے بارے میں علامہ اقبال کہہ گئے
دیوِ استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تُو سمجھتا ہے کہ یہ آزادی کی ہے نیلم پری
آج آئین کی عمل داری محض مذاق بن کر رہ گئی ہے۔ ہمارا آئین پارلیمنٹ کو آئین سازی کا حق تو ضرور دیتا ہے مگر اس شرط کے ساتھ کہ آئین میں ایسی کوئی ترمیم نہیں کی جاسکتی جو پارلیمانی جمہوری نظام کی اساس کے منافی ہو۔ سوال یہ کہ ہمارا آئین مگر ہے کہاں، وہ تو شاید لمبی تان کر سویا ہوا ہے۔ اسی لیے تو پارلیمنٹ میں من مرضی کے بل پاس کروائے جارہے ہیں۔ اُدھر تحریکی اپوزیشن یہ کہہ کر اپنی شکست تسلیم کرتی نظر آتی ہے "17 نومبر 2021ء پارلیمانی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے"۔ اس لیے انتخابات ای وی ایم کے ذریعے ہوں یا پرانے طریقے سے، ووٹ کو پہلے عزت ملی نہ اب ملے گی۔
سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد نے اپنے کالم میں ثابت کیا کہ ای وی ایم اور الیکشن اصلاحات بل کی منظوری غیر آئینی ہے۔ اُن کے مطابق یہ بل آئین کے آرٹیکل 25 (جس میں حقوق کی بات کی گئی ہے) سے مطابقت نہیں رکھتے کیونکہ الیکشن کمیشن آف پاکستان اور اپوزیشن سے مشاورت ضروری تھی جو نہیں کی گئی۔ اُن کے خیال میں الیکشن ایکٹ 2017ء کی دفعہ 94 اور 103 کی ترامیم نے الیکشن کے سارے نظام کو ہی مشکوک بنادیا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے انتخابی فہرستوں کی تیاری کی دفعات 23 تا 44 حذف کرکے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی بجائے نادرا کو فہرستیں تیار کرنے کا حکم دیا ہے جو آئین کے آرٹیکلز 219,218 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ یہ آرٹیکل الیکشن کمیشن کو آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کروانے کی ذمہ داری تفویض کرتے ہیں۔ جب الیکشن کمیشن کو یوں بے اختیار کرنے کی کوشش کی جائے گی تو آزادانہ انتخابات کیسے ممکن ہوں گے؟۔ شنید ہے کہ حکومت الیکشن کمیشن کے ساتھ تو مفاہمت کی پالیسی اختیار کرنے کے لیے تیار ہوگئی ہے۔ شاید حکومت کو احساس ہوگیا ہو کہ الیکشن کمیشن کے سامنے اُس کی دال گلنے والی نہیں اس لیے مفاہمت ہی بہتر ہے لیکن حکمران اپوزیشن کو اب بھی اعتماد میں لینے کے لیے تیار نہیں۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر ہمیں 1977ء کے انتخابات یاد آگئے جب ذوالفقار علی بھٹو نے من مرضی کے انتخابات کروائے جنہیں پی این اے نے تسلیم کرنے کی بجائے احتجاج کی راہ اپنائی جس کا نتیجہ ضیائی مارشل لاء کی صورت میں سامنے آیا۔ اب بھی اگر اپوزیشن کے تحفظات دور کیے بغیر انتخابات کروائے گئے تو نتائج کو اپوزیشن ہرگز تسلیم نہیں کرے گی جس کا نتیجہ پھر "میرے عزیز ہم وطنو!" کی صورت میں سامنے آسکتا ہے۔
اپوزیشن تو "بزدلوں" کے باوجود ای وی ایم کے معاملے پر سپریم کورٹ میں نہیں گئی البتہ سلیم اللہ خاں ایڈووکیٹ نے آرٹیکل 184 (3) کے تحت سپریم کورٹ میں ای وی ایم کے خلاف درخواست دائر کردی ہے جس میں وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن کو فریق بنایا گیا ہے۔ اب یہ سپریم کورٹ پر منحصر ہے کہ اُس کا کیا فیصلہ آتا ہے۔ سپریم کورٹ کے معزز جسٹس صاحبان خوب جانتے ہیں کہ عدلیہ کی ساکھ داؤ پہ لگی ہے اور پاکستان کی عدلیہ دنیا کے نظامِ عدل کی فہرست میں 130 میں سے 126 ویں نمبر پر پہنچ چکی ہے۔ پچھلے کچھ عرصے سے متواتر ایسے واقعات رونما ہورہے ہیں جو نظامِ عدل پر سوالیہ نشان ہیں۔ پہلے جسٹس شوکت صدیقی نے بباگ دہل کہا کہ من مرضی کے فیصلے کروانے کے لیے عدلیہ پر دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ پھر احتساب عدالت کے جج ارشد ملک کی ویڈیو سامنے آئی جس میں اُس نے اقرار کیا کہ میاں نواز شریف کو دباؤ کے تحت 7 سال قید کی سزا سنائی۔ ارشد ملک کی اس ویڈیو کا بہت چرچا ہوا۔ اسی جرم کی بنا پر اُسے ملازمت سے برطرف کردیا گیا لیکن حیرت ہے کہ میاں نواز شریف کی سزا تاحال برقرار ہے۔ انصاف کا تقاضہ تو یہ تھا کہ پورے کیس کی دوبارہ انکوائری کی جاتی لیکن یہ معاملہ ارشد ملک کی برطرفی کے ساتھ ہی ختم کردیا گیا۔
اب سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ میاں ثاقب نثار پر بھی انگلیاں اُٹھنے لگی ہیں۔ گلگت بلتستان کے سابق چیف جج رانا شمیم نے بیانِ حلفی دیا کہ میاں ثاقب نثار نے اُن کے سامنے ٹیلی فون پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس کو ہدایات دیں کہ کسی بھی صورت میں میاں نواز شریف اور مریم نواز کی 2018ء کے انتخابات سے پہلے ضمانت نہیں ہونی چاہیے۔ اس بیانِ حلفی کے سامنے آنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ صاحب نے ازخود نوٹس لیتے ہوئے متعلقین کو طلب کرلیا ہے۔ اس کیس کا فیصلہ آنا ابھی باقی تھا کہ صحافی احمد نورانی ایک آڈیو سامنے لے آئے جس میں میاں ثاقب نثار کسی دوسرے شخص کو میاں نواز شریف اور مریم نواز کے خلاف ہدایات دے رہے تھے۔ احمد نورانی نے امریکی فرم گیرٹ ڈسکوری سے فرنزک کروا کر یہ آڈیو لیک کی۔ گیرٹ ڈسکوری کا دعویٰ ہے کہ یہ آڈیو بالکل درست ہے کیونکہ اس میں کوئی رخنہ نہیں۔ اب گیرٹ ڈسکوری کی طرف سے کہا جارہا ہے کہ اُن لوگوں کو اس آڈیو کا تجزیہ کرنے پر جان سے مار دینے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ یہ تو صرف میاں ثاقب نثار ہی جانتے ہیں کہ اس آڈیو میں سچ کتنا ہے اور جھوٹ کتنا لیکن اُن کا دامن تو بہرحال داغدار ہوا اس لیے مناسب تو یہی ہے کہ خود میاں ثاقب نثار اپنا کیس لے کر سپریم کورٹ جائیں اور اپنے دامن پر لگے داغ کو دھونے کی کوئی سبیل کریں۔
اُدھر ہماری اعلیٰ ترین عدالت کا بھی فرض ہے کہ وہ عدل کی شفافیت پر اُٹھنے والے سوالات پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے عوام کے عدل پر مجروح ہوتے جذبات کا کوئی حل تلاش کریں۔ عاصمہ جہانگیر کانفرنس میں سپریم کورٹ بار کے سابق صدر علی احمد کرد بھی جرنیلوں اور ججوں پر چڑھائی کرتے نظر آئے جس پر چیف جسٹس صاحب علی احمد کرد کی باتوں کو غلط کہتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ عدالتیں کسی کے دباؤ میں نہیں عدالتیں مکمل آزاد ہیں عدالتیں مکمل انصاف فراہم کررہی ہیں اور یہ واقعی حقیقت بھی ہے کیونکہ آپ پاکستان میں 22 کروڑ عوام کو انصاف فراہم کرنے کے لیے سب سے اوپر عدل کی آخری کرسی پر ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں مجھے یقین آگیا ہے آپ بلکل سچ کہتے ہوں گے کیونکہ جس کو اللہ کے حساب لینے کا خوف ہوتا ہے وہ کسی سے نہیں ڈرتا لیکن کیا وجہ ہے کہ انصاف صرف اور صرف بااثر لوگوں کو ہی ملتا ہے اور وہی عدلیہ کو نشانے پر بھی رکھے ہوئے ہیں پاکستانی عدالتوں میں اس وقت 21 لاکھ 59 ہزار 655 کیسز بوسیدہ فائلوں میں دفن ہیں کیا سپریم کورٹ میں 52 ہزار سے زائد کیسز منصفوں کی راہیں تک رہے ہیں لاہور ہائی کورٹ میں 1 لاکھ 93 ہزار سے زائد کیسز کا انبار ہے مگر حمزہ شہباز، مریم نواز اور پھر نواز شریف کو فوری انصاف فراہم کردیا جاتا ہے سید رسول کو جب لاہور ہائی کورٹ نے قتل کیس میں بری کیا تو پتہ چلا کہ وہ تو 2 سال پہلے جیل میں انتقال کرگئے ہیں۔
جب مظہر حسین کو 19 سال بعد قتل کیس میں سپریم کورٹ نے بری کردیا تو معزز عدالت کو بتایا گیا کہ وہ 2 سال پہلے جیل میں ہی وفات پا چکے ہیں رحیم یار خان کے دو سگے بھائیوں کو پھانسی چڑھائے جانے کے بعد عدالت عظمیٰ نے بے گناہ قرار دے کر بری کردیا تھا۔ اپیل کیلئے 400 روپے نہ ہونے کی وجہ سے پنیوٹ کی 15 سالہ غریب اور بے گناہ رانی بی بی نے 19 سال جیل میں کاٹ دیے اور ایک اشتہاری مجرم کی بیٹی کو اتوار کے دن بھی عدالت لگا کر ضمانت پر رہا کردیا گیا لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کیلئے 17 انچ ٹی وی خریدنے کیلئے لاکھوں روپے خرچ کرکے اخبارات میں اشتہار دیا جاتا ہے انصاف کی

ذرا نہیں مکمل سوچیے! (آخری قسط)

تربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

کہتے بلکہ اب تو وہ ہنود و یہود خاصیوں کے ساتھ سفارتی وتجارتی تعلقات کو بڑھاوا دینے کیلئے مقبوضہ کشمیر میں سرمایہ کاری اور براہ راست پروازیں چلانے کا اعلان کرچکے ہیں؟ ان کی درگت کب بنائی جائے گی جنہوں نے پوری امت کو طاغوت کے سامنے ذبح کررکھا ہے؟ اور شریعت کو مکمل طور پر معطل کررکھا ہے؟
آپ کے وزراء نے ایک مذہبی جماعت کے ڈانڈے "را" سے ملا کر بعدازاں ان سے انہی کی شرائط پر معاہدہ کرلیا۔ کیا آپ نے اپنے وزراء کے قوم سے جھوٹ بولنے پر کوئی محاسبہ کیا؟ آخر اپنے ان رفقاء کو کب گریبانوں سے پکڑ کر جھنجھوڑا جائے گا جو قوم کے ٹیکسوں پر عیاشی کرتے ہوئے قوم کو دھوکہ دیتے ہیں جبکہ پوری قوم غربت اور مہنگائی کی وجہ سے کراہ رہی ہے۔ اگر آپ کو کشمیریوں اور اپنی قوم کے دکھ نظر نہیں آتے تو جان لیں کہ یہ پستی وبربادی کے آخری زینے پر کھڑے ہیں اور جلد ہی یہاں کی ذلت کے ساتھ آخرت کی ہزیمت بھی ان ذمہ داروں کی منتظر ہے۔ ذرا نہیں مکمل سوچئے۔ آخر میں یہ کہانی بھی پڑھ لیں ممکن ہے کہ دل پر اثر کرجائے!
ایک لونڈی محل کی صفائی ستھرائی پر مامور تھی۔ ایک دن بادشاہ کی خوابگاہ میں اس کی ڈیوٹی تھی۔ بادشاہ کی مسہری دیکھ کر اس کی آنکھیں چندھیا گئی۔ اس نے ایسا اپنے تصور میں بھی نہ دیکھا تھا۔ سب کی آنکھ بچا کر اس نے مسہری کے نرم وگداز کو جب چھوا تو اس کی خواہش لیٹنے کیلئے مچل گئی۔ اس نے سوچا کوئی دیکھ بھی نہیں رہا کیوں نہ چند لمحوں کیلئے اس پر لیٹ کر اپنی خواہش پوری کرلوں۔ ایسے نرم وگداز بستر پر لیٹتے ہی اس بے چاری کی آنکھ لگ گئی۔ بدقسمتی سے بادشاہ کا وہاں سے گزر ہوا تو ایک معمولی لونڈی کو اپنے بستر پر دیکھ کر آگ بگولہ ہوگیا۔ فوری طور پر اس کو زندہ جلانے کا حکم دے دیا۔ ایک بہت بڑے الاؤ کے سامنے جب اس کو لایا گیا تو بادشاہ نے روایت کے مطابق اس کی آخری خواہش پوچھی۔ اس لونڈی نے اس مجمع کی طرف دیکھ کر کہا کہ مجھے اس بادشاہ سے تو کچھ نہیں کہنا لیکن اے لوگو! میں تو یہ سوچ رہی ہوں کہ اس مسہری پر چند لمحے کی نیند کی اگر اتنی بڑی سزا ہے کہ مجھے زندہ اس آگ کے الاؤ میں جلانے کی سزا ملی ہے تو ان لوگوں کا کیا حشر ہوگا جو ساری عمر ایسے نرم وگرم گداز بستر میں گہری نیند کے مزے لیتے ہیں؟ یہ کہ کر وہ خود ہی اس الاؤ کی طرف چل پڑی۔
اس سوز و درد میں ڈوبی ہوئی آواز نے اس بادشاہ کے ہوش اڑا دیئے۔ اس نے فوری طور پر اپنے خدام کو لونڈی کو روکنے کا حکم دیا اور اگلے لمحے اس لونڈی کو آزاد کردیا۔ تخت وتاج اور بادشاہت چھوڑ کر اللہ سے لو لگائی۔ ساری عمر غریبوں اور مسکینوں کی خدمت میں گزار دی اور آج دنیا اس کو بڑے احترام کے ساتھ حضرت ابراہیم ادہم کے نام سے یاد کرتی ہے۔ کیا آج کے حکمران اور ہمارے اشراف کیلئے اس میں کوئی سبق پنہاں ہے؟؟؟
اب تو بتانے کی چنداں ضرورت نہیں کہ ہم دنیا میں ذلیل اور رسوا کیوں ہیں، بے آسرا کیوں ہیں!

ملک بچالیں یا چور

ہم جانتے ہیں ابھی نندن نے ایف سولہ نہیں گرایا، وہ بھی جانتے ہیں ابھی نندن نے ایف سولہ نہیں گرایا انڈیا اور امریکہ بھی جانتا ہے کہ ابھی نندن نے ایف سولہ نہیں گرایا ابھی نندن

رومیل اکبر

